نبی ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ نے فرمایا: اسے مارو

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ نے فرمایا: اسے مارو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ: تو ہم میں سے کوئی اسے اپنے ہاتھ سے، کوئی اپنے جوتے سے اور کوئی اپنے کپڑے سے مارتا تھا جب وہ (مار کھاکر) جانے لگا تو لوگوں میں سے کسی نے کہا: اللہ تجھے رسوا کرے آپ ﷺ نے فرمایا: "اس طرح مت کہو، اس کے خلاف شیطان کی مدد نہ کرو"

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

حدیث کا معنی: صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نبی کے پاس ایک آدمی کو لے کر آئے جس نے شراب نوشی کی تھی آپ ﷺ نے اسے مارنے کا حکم دیا چنانچہ صحابۂ کرام نے اسے مارا ان میں سے کچھ نے اسے مارنے کے کسی دوسرے آلے کے استعمال کے بغیر خالی اپنے ہاتھ سے مارا، تو کسی نے اسے اپنے جوتے سے مارا اور یہ اسے عبرتناک سزا دینے کے طورپر تھی، اور کسی نے اسے اپنے کپڑے سے مارا جبکہ انہوں نے کوڑے کا استعمال نہیں کیا جو کہ مارنے سے متعلق شرعی حد (کے نفاذ) کا آلہ ہے ایک روایت میں آیا ہے کہ آپ ﷺ نے بیس آدمیوں کو حکم دیا تو ان میں سے ہر ایک نے اسے چھڑی اور جوتے سے دو دو ضرب لگائے اس سے اس بات کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ کوڑوں کی تعداد چالیس ہے، اور خلفائے راشدین سے اس پر جو اضافہ وارد ہے وہ بطور تعزیر ہے جو امام وقت (حاکم) کی صوابدید پر منحصر ہے پھر جب لوگ اسے مار نے سے فارغ ہوگئے تو ان میں سے کسی نے اسے یہ بددعا دی کہ: "اللہ تجھے رسوا کرے" یعنی اسے رسوائی کی بددعا دی، جس کا مطلب لوگوں کے بیچ ذلت وخواری، اہانت و حقارت اور فضیحت ورسوائی ہے اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: "اس اس طرح مت کہو، اس کے خلاف شیطان کی مدد نہ کرو" کیونکہ جب لوگ اسے ذلت ورسوائی کی بددعا دیں گے تو بسا اوقات ان کی بددعا قبول ہوسکتی ہے، تو اس طرح شیطان اپنی مراد کو پہنچ جائے گا اور اس کا مقصد پورا ہوجائے گا نیز اس لیے تاکہ گناہ گار سے نفرت نہ کی جائے جبکہ اس پرحد کا نفاذ ہو چکا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3262